سرخاب

# اُردو



۲ دوسری کتاب

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

سرخاب

# اُردو

| نمبر شمار | سبق | یونٹ | تقریری مہارتیں | قواعد | تحریری مہارتیں | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | پالتو جانور | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>حمد (نظم)<br>تحفہ (کہانی) | طوطا کیسا ہے؟ | اسم<br>جملہ<br>فقرہ | میرا پسندیدہ جانور | 3 - 10 |
| ۲ | گھر اور اسکول میں | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>ہمارے نبیؐ (نعت)<br>جب اُستانی نے پوچھا (کہانی) | میرا معمول | واحد - جمع<br>مذکر-مونث<br>اسم عام - اسم خاص | میرا گھر | 11 - 20 |
| ۳ | افراد اور مقامات | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>علامہ اقبال (مضمون)<br>میری اُستانی (خط) | گول باغ | صفت<br>حرفِ جار | میری پسندیدہ جگہ | 21 - 30 |
| ۴ | پسند ناپسند | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>دیس ہمارا (نظم)<br>شان ہماری (کہانی) | مجھے پسند ہے۔ | متضاد الفاظ | مجھے کیا کیا پسند ہے | 31 - 40 |
| ۵ | صحت اور صفائی | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>اب میں سمجھا (کہانی)<br>میری توبہ (خط) | پھل۔۔۔بیماری کا حل | فعل - فاعل - مفعول<br>ترتیب | ہمیں کیا کھانا چاہیے۔ | 41 - 50 |
| ۶ | دوستی | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>اچھے بچّے (نظم)<br>پکّی دوستی (واقعہ) | تم نے اچھا کیا | فعل حال جاری<br>سوالیہ جملے<br>ختمہ - سوالیہ نشان | میرا دوست | 51 - 60 |
| ۷ | خریداری | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>ہم گئے بازار (کہانی)<br>میں نے سیکھا (خط) | کیا کیا لوگے؟ | فعل حال<br>فعل ماضی | خریداری کی فہرست | 61 - 70 |
| ۸ | جسمانی افعال | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>ورزش (نظم)<br>آنکھ مچولی (کہانی) | ہماری پی ٹی | حکمیہ جملے<br>مثبت و منفی جملے | سادہ جملہ سازی | 71 - 80 |
| ۹ | چیزیں اور اُن کی جگہیں | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>سچّی خوشی (کہانی)<br>میرے کھلونے (ڈائری) | پینسل کہاں گئی؟ | مکمل جملے<br>نامکمل جملے | جملہ سازی | 81 - 90 |
| ۱۰ | احساسات | پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں<br>پہاڑی ندی (نظم)<br>پھر وہی حرکت (کہانی) | میں معافی چاہتا ہوں۔ | سادہ جملے - سوالیہ جملے - منفی جملے<br>حکمیہ (امرونہی) جملے | جملہ سازی | 91 - 100 |

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

# گھر اور اسکول میں

اس یونٹ کا موضوع ہے ''گھر اور اسکول میں''۔ یہ یونٹ ایک نعت، ایک کہانی اور دو دوستوں کے درمیان ہونے والے ایک مکالمے پر مشتمل ہے۔ یونٹ کا آغاز پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیوں سے ہوتا ہے جن میں وہ بنیادی الفاظ متعارف کرائے گئے ہیں جو اس یونٹ کے اسباق میں استعمال ہوں گے، تاکہ طلبہ و طالبات کے پاس تفہیمِ اسباق کے لیے ضروری ذخیرۂ الفاظ فراہم ہو سکے۔ اِس یونٹ میں مطالعہ، تحریر، تقریر اور قواعد کی مہارتوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔



## حاصلاتِ تعلّم

اس یونٹ کے اختتام پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- موضوع سے متعلق بنیادی ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کر سکیں،
- واحد اور جمع الفاظ کو پہچان اور جملوں میں استعمال کر سکیں،
- مذکر اور مؤنث الفاظ میں تمیز کر سکیں،
- اسم عام اور اسم خاص میں فرق کر سکیں،
- اسموں کو جملوں میں استعمال کر سکیں،
- واقعات، مقامات اور معمولات کے بارے میں گفتگو کر سکیں،
- دیے گئے فقروں کے مدد سے جملے مکمل کر سکیں۔



This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

# پڑھائی سے پہلے کی سرگرمیاں

**۱** نیچے دیے گئے الفاظ کو بُلند آواز سے پڑھیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَفضل | آم | دوست | ہمیشہ | نیکی |
| پسند | کِرکِٹ | عادت | سائنس | تھکن |
| باقی | اسکول | کام | کھانا | وردی |

**۲** نیچے دی گئی تصویر غور سے دیکھیے اور اِس میں نظر آنے والی چیزوں کی فہرست بنائیے۔



- ______
- ______
- ______
- ______
- ______

**۳** دونوں حصّے جوڑ کر الفاظ بنائیے اور سامنے دی گئی خالی جگہ پر لکھیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عا | کِٹ | ______ | با | جِد | ______ |
| کِر | دی | ______ | را | کی | ______ |
| کھا | دَت | عادَت | سا | شِد | ______ |
| وَر | نا | ______ | نے | قی | ______ |

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

# ہمارے نبیؐ

ہمارا نبیؐ سب سے پیارا نبیؐ — وہ ہے کِبریا کا دُلارا نبیؐ
یتیموں غریبوں کا ہے آسرا — ضعیفوں کا سچا سہارا نبیؐ
کِیا دُشمنوں کو بھی شِیر و شکر — محبت کا ہے اِستعارہ نبیؐ
جہالت کی تاریکیاں دور کیں — کہ ہے روشنی کا مِنارہ نبیؐ
خدا کو ہے پیارا وہ جن و بشر
کہ ہے جس کو پیارا ہمارا نبیؐ




## تفہیم کا جائزہ

**۱** دُرست الفاظ چُن کر دیے گئے جملے مکمل کیجیے۔

۱ ہمارے نبیؐ سب سے ______ ہیں۔
۲ ہمارے نبیؐ نے دُشمنوں کو ______ کیا۔
۳ ہمارے نبیؐ نے جہالت کی ______ دور کیں۔
۴ جو نبیؐ سے پیار کرے، اللہ اُس سے ______ کرتا ہے۔
۵ ہمارے نبیؐ ______ کا استعارہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| بڑے | پیارے |
| شِیر و شکر | خوش |
| تاریکیاں | روشنیاں |
| غصّہ | پیار |
| محبّت | خوشی |

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.




# جب اُستانی نے پوچھا

راشد کی ایک عادت بہت اچھی تھی۔ وہ ہر کام وقت پر کرتا تھا۔ اسی لیے سب لوگ اُسے پسند کرتے تھے۔ آج اُسے بہت سا ہوم ورک ملا تھا۔ وہ کافی دیر سے کام کر رہا تھا ۔ اردو اور انگریزی کا تو سارا کام مکمل ہو چکا تھا، مگر سائنس کا کچھ کام ابھی باقی تھا۔ شام کے پانچ بج چکے تھے۔ برابر کے میدان میں سب دوست کرِکٹ کھیلنے کے لیے جمع ہو چکے تھے۔ آج فائنل میچ تھا۔ راشد بھی کرکٹ کھیلنے چلا گیا۔ اُس نے سوچا باقی کام وہ گھر واپس آ کر مکمل کر لے گا۔

کھیل میں وقت گزرنے کا پتا ہی نہیں چلا۔ وہ واپس آیا تو مغرب ہو چکی تھی۔ راشد آج بہت تھک گیا تھا۔ امی نے اُسے آم کاٹ کر دیے۔ راشد تھوڑی دیر آرام کرنے لیٹ گیا مگر جلد ہی اُس کی آنکھ لگ گئی۔ تھکن کی وجہ سے خوب نیند آئی۔ صبح دیر سے جاگا۔ جلدی جلدی تیار ہو کر اسکول پہنچا۔ کام مکمّل کرنے کا موقع ہی نہیں ملا۔ راشد بہت پریشان تھا۔ اُستانی صاحبہ نے کام کے بارے میں پوچھا تو راشد بہت شرمندہ ہوا۔ ایسا پہلی بار ہوا تھا کہ اُس کا کام مکمل نہیں تھا۔

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

اُستانی صاحبہ نے اُسے پریشان دیکھا تو تسلّی دی۔ ''کوئی بات نہیں راشد بیٹا، آپ تو ہمیشہ وقت پر کام مکمّل کرتے ہیں۔ آج کام مکمّل نہیں تو ضرور کوئی وجہ ہوگی۔ آپ مجھے کل کام دِکھا دیجیے گا۔'' راشد بہت خوش ہوا۔ اُسے ایک دن کی مہلت مل گئی تھی۔ لیکن اُس نے فیصلہ کیا کہ آئندہ وہ کام مکمل کیے بغیر کھیلنے نہیں جائے گا۔

## گفتگو کے نکات

۱ اُستانی صاحبہ نے راشد کو ایک دن کی مہلت کیوں دی؟

۲ کیا کبھی آپ کے ساتھ بھی ایسا واقعہ پیش آیا؟ بیان کیجیے۔

## تفہیم کا جائزہ

### ۱ دُرست الفاظ چُن کر دیے گئے جملے مکمل کیجیے۔

۱ وقت پر کام کرنا راشد کی ________ تھی۔

۲ میدان میں سب دوست ________ کھیلنے کے لیے جمع تھے۔

۳ کھیلنے کی وجہ سے راشد بہت ________ ہوا تھا۔

۴ راشد تھوڑی دیر ________ کرنے کے لیے لیٹا۔

۵ کام مکمل نہ ہونے پر وہ ________ تھا۔

| | |
|---|---|
| مجبوری | عادت |
| کرکٹ | فٹ بال |
| خوش | تھکا |
| آرام | کام |
| پریشان | خوش |

### ۲ نیچے دیے گئے سوالوں کے جوابات اپنی کاپی میں لکھیے۔

۱ راشد کی اچھی عادت کیا تھا؟

۲ راشد اپنا ہوم ورک کیوں مکمّل نہ کرسکا؟

۳ لوگ راشد کو کیوں پسند کرتے تھے؟

۴ اُستانی صاحبہ نے راشد سے کیا کہا؟

This PDF document was edited with Icecream PDF Editor.
Upgrade to PRO to remove watermark.

# میرا معمول!



ساجد: السّلام علیکم ارشد۔کیا حال چال ہیں؟

ارشد: وعلیکم السّلام و رحمتہ اللہ۔الحمد للہ، سب خیریت ہے۔

ساجد: کیا ہو رہا ہے آج کل؟

ارشد: پڑھائی...... اسکول کھل گئے ہیں ناں! اس لیے۔

ساجد: سارا دن پڑھتے رہتے ہو؟

ارشد: نہیں، میں نے دن بھر کا ایک معمول بنایا ہے۔اُسی پر عمل کرتا ہوں۔

ساجد: ذرا ہم بھی تو سُنیں آپ کا معمول!

ارشد: ضرور کیوں نہیں! میں صبح سویرے اُٹھ کر ابّو جان کے ساتھ فجر کی نماز ادا کرتا ہوں۔ پھر اسکول جانے کی تیاری کرتا ہوں ۔ اورناشتہ کرنے کے بعد اسکول چلا جاتا ہوں۔ واپسی پر وردی تبدیل کر کے پہلے نمازِظہر ادا کرتا ہوں۔ دوپہر کے کھانے کے بعد کچھ دیر آرام کرتا ہوں۔ شام کو کچھ دیر کھیلتا ہوں۔مغرب کی نماز کے بعد ہوم ورک کرنے بیٹھ جاتا ہوں۔ پھر رات کا کھانا کھا کر سونے چلا جاتا ہوں۔

ساجد: واہ بھئی، یہ تو بہت اچھا معمول ہے۔ میں بھی ایسا ہی معمول بناؤں گا۔

ارشد: ضرور...... اس طرح وقت بھی ضائع نہیں ہوتا اور پڑھائی اور کھیل سب کا مزہ آتا ہے۔

ساجد: واقعی...... اچھا اب میں چلتا ہوں...... اللہ حافظ۔

ارشد: اللہ حافظ


## تقریری مہارتیں اور تقویت

ساجد اور ارشد کے درمیان ہونے والے مکالمے کو بُلند آواز سے پڑھیے۔ اپنے کسی ہم جماعت کے ساتھ مِل کر اِس مکالمے کو دُہرائیے۔

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

# قواعد اور تقویت

۱ دی گئی تصویروں کے نیچے اُن کے نام لکھیے۔ یہ نام متعلقہ کالم میں بھی لکھیے۔








| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شخص | | | | |
| چیز | | | | |
| جگہ | | | | |

۲ دیے گئے اسموں کو جملوں میں استعمال کیجیے اور اپنی کاپی میں لکھیے۔

باغ | کراچی | علّامہ اقبال | ہاکی | خرگوش

## واحد-جمع

ایک اسم کو 'واحد' اور ایک سے زیادہ کو 'جمع' کہتے ہیں۔

مثلاً:

واحد: ایک طوطا، ایک تھیلا، ایک بِلّا

جمع: دو طوطے، دو تھیلے، دو بِلّے

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

## ۳ دیے گئے واحد الفاظ کی جمع لکھیے۔

| جمع | واحد | جمع | واحد |
|---|---|---|---|
| | ٹھیلا | لڑکے | لڑکا |
| | جوتا | | مالٹا |
| | پنجرہ | | کوّا |
| | گھوڑا | | جھنڈا |

## مذکر - مؤنث

تمام اسم مذکر یا مؤنث ہوتے ہیں۔

مثلاً: ا۔ اُس لڑکے کے پاس کالا بِلّا ہے۔ ۲۔ لڑکی کے پاس سفید بِلّی ہے۔

پہلے جملے میں 'لڑکا' اور 'بِلّا' نر ہیں۔ دوسرے جملے میں 'لڑکی' اور 'بِلّی' مادہ ہیں۔

نر اسم کو مذکّر اور مادہ اسم کو مؤنث کہتے ہیں۔

## ۴ نیچے دیے گئے مذکر اور مؤنث اسم کو الگ کر کے لکھیے۔

مُرغا | انڈا | چِڑیا | طوطا | گائے | بِلّی | میز | بلب

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مذکر | مُرغا | | | |
| مؤنث | چِڑیا | | | |

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

## ۵ دیے گئے واحد الفاظ کی جمع لکھیے۔

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| لڑکی | لڑکیاں | کھڑکی | |
| مکڑی | | بِلّی | |
| لکڑی | | بکری | |
| تتلی | | چیونٹی | |
| گاڑی | | گھڑی | |

## اسمِ عام - اسمِ خاص

اِن جملوں کو غور سے پڑھیے۔

احمد ایک لڑکا ہے۔ کراچی ایک شہر ہے۔

اِن جملوں میں 'لڑکا' عام نام ہے۔ یعنی ہم کسی بھی لڑکے کو 'لڑکا' کہہ سکتے ہیں۔
لیکن 'احمد' ایک خاص لڑکے کا نام ہے۔ اِسی طرح 'کراچی' ایک خاص شہر کا نام ہے۔

## ٦ کوئی سے تین خاص لوگوں اور تین خاص جگہوں کے نام لکھیے۔

| لوگ | جگہ |
|---|---|
| | |
| | |
| | |

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

۷ نیچے دیے گئے خاص ناموں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

| قائدِ اعظم | فیصل مسجد | چین | شالا مار باغ | حکیم محمد سعید |
|---|---|---|---|---|

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

## تحریری مہارتیں اور تقویت

۱ نیچے دیے گئے الفاظ کی مدد سے اپنے گھر کے بارے میں پانچ جملے لکھیے۔

| بڑا ہے | گھر ہے | اچھا لگتا ہے | کمرے ہیں | ہوادار ہیں |
|---|---|---|---|---|



۱ یہ میرا ________________ ۔

۲ میرا گھر کافی ________________ ۔

۳ اس میں چار ________________ ۔

۴ سارے کمرے کھلے اور ________________ ۔

۵ مجھے اپنا گھر بہت ________________ ۔

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.

سرخاب

# اُردو

سرخاب اردو سلسلہ بچوں کی موجودہ لسانی، معاشرتی اور نفسیاتی ضرورتوں کو مدِنظر رکھ کر ترتیب دیا گیا ہے۔ نصاب کے قومی مقاصدِ تعلیم کا لحاظ رکھتے ہوئے اِس سلسلہ کتب کو جدید تعلیمی اور تدریسی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ اِس حوالے سے دنیا بھر کے جدید نصابات سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ اُردو ہماری قومی زبان ہے اور اِس کو فی زمانہ بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ اِس صورتِ حال کو بھی ذہن میں رکھتے ہوئے ایسے موضوعات اور تدریسی حکمت عملی کو اختیار کیا گیا ہے کہ طالب علم اپنی قومی زبان کو تحصیل دلچسپی سے کرے اور اِس پر فخر بھی کرے۔

سرخاب اردو کی چند نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

- عمر کی مناسبت سے دلچسپ موضوعات کا انتخاب۔
- الفاظ کے تعارف اور تفہیم کے لیے سبق کے آغاز اور اختتام پر دروں فعال سرگرمیاں۔
- نظم اور نثر کے مختلف اصناف (کہانی، ڈائری، مضمون، خط، مثنوی، غزل، مسدس) کا تعارف اور مشق۔
- اُردو زبان کے بنیادی قواعد کا آسان اور دلچسپ تعارف اور مشق۔
- عملی زندگی میں روزمرہ استعمال کی گفتگو اور مکالمے۔
- مطالعہ، تحریر، تقریر اور سماعت کی مہارتوں کی مشق۔

اُمید ہے اساتذہ اور طلبا کے لیے یہ سلسلہ ہائے کتب آسان، دلچسپ اور مفید ثابت ہوگا۔

Tiflee Education
Ph: 0322-5883399
www.tifleeeducation.com
facebook.com/Tiflee.Education
youtube.com/tifleeeducation

ISBN 978-9-6964710-5-9

This PDF document was edited with **Icecream PDF Editor**.
**Upgrade to PRO** to remove watermark.